بسم اللہ الرحمن الرحیم

قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الھدیٰ نیوزلیٹر

ستمبر تا دسمبر 2017ء ، ذوالحجہ تا ربیع الاوّل 1439ھ | شمارہ 6

قرآن وسنت کی تعلیم کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو کہ دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص | امانت وصداقت | صبر واستقامت | خیر خواہی | لگن | نظم وضبط | عزت واحترام

## نماز آنکھوں کی ٹھنڈک

سیدنا انسؓ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ...''میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں رکھ دی گئی ہے''۔

[سنن النّسائی: 3939]

سالم بن ابو جعدؒ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے کہا: کاش میں نماز پڑھ لیتا تو سکون پاتا۔ دوسرے لوگوں نے گویا اس کے اس انداز پر عیب لگایا تو اس نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا، آپ فرماتے تھے: ''اے بلالؓ! نماز کی اقامت کہو، ہمیں نماز سے راحت پہنچاؤ''۔

[سنن أبی داؤد: 4987]

امام ابن القیمؒ فرماتے ہیں: اس سے مراد یہ ہے کہ آنکھ جس چیز سے ٹھنڈک پاتی ہے، وہ ہر اس چیز سے ارفع واعلیٰ ہے جس سے انسان محبت کرتا ہے۔ نماز اس دنیا میں اللہ سے محبت کرنے والوں کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے کیونکہ اس میں اس ہستی سے سرگوشی کی جاتی ہے جس کے سوا آنکھوں کو ٹھنڈک، دلوں کو اطمینان اور نفس کو سکون نہیں ملتا۔ اسی کے ذکر سے وہ نعمت پاتے ہیں اور اسی کے لیے عاجزی اور خشوع وخضوع اختیار کرتے ہیں اور اس کا قرب پاتے ہیں خاص طور پر سجدے کی حالت میں جب بندہ اپنے ربّ کے سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے۔

### مومن اور غافل کی نماز کا فرق

مومن کے دل کا سکون اور آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے جبکہ غافل کے لئے نماز ایک مشکل امر ہے۔ نماز کے لئے کھڑا ہونا گویا اس کا انگاروں پر لوٹ پوٹ ہونا ہے۔ جلد پڑھی جانے والی نماز اسے زیادہ اچھی لگتی ہے حالانکہ اس سے نہ اس کی آنکھیں ٹھنڈی ہوتی ہیں اور نہ ہی اسے دل کا سکون ملتا ہے۔ جبکہ بندے کی آنکھ کسی چیز سے ٹھنڈی ہوتی ہو اور اس کے دل کو اس سے راحت ملتی ہو تو اس سے جدا ہونا اسے سب سے مشکل لگتا ہے لیکن جو دل اللہ اور آخرت کی محبت سے خالی ہو اور دنیا کی محبت میں مبتلا ہو، اس کے لیے نماز پڑھنا اور اس کا لمبا کرنا سب سے مشکل ہوتا ہے حالانکہ وہ فارغ وصحت مند ہوتا ہے۔ [من رسالة ابن القیم الی احد اخوانه]

نگاہ بلند سخن دلنواز جاں پرسوز

یہی ہے رخت سفر میر کارواں کے لیے

معزز قارئین،

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمدللہ الھدیٰ نیوزلیٹر کا تازہ شمارہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ آپ کی آگہی کے لیے ہر شمارے میں الھدیٰ کی سرگرمیوں کی مختصر جھلکیاں پیش کی جاتی ہیں۔ ہمارے سب کرم فرماؤں کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی سربراہی میں الھدیٰ کے علمی سفر اور خدمت انسانیت کا آغاز جس خلوص نیت اور بے لوث جذبے سے کیا گیا تھا، اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے فضل وکرم، آپ سب کے تعاون اور میر کارواں کی مسلسل جدوجہد سے آج بھی اسی جذبے سے رواں دواں ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ آپ کو اس سفر میں شامل رکھیں اور آپ کے قیمتی مشوروں کے ساتھ اس پر کامیابی سے گامزن رہیں اور ہر دل کو روشن کر سکیں ان شاء اللہ۔ آپ کی آراء ہمارے لیے قابل قدر ہونے کے ساتھ ساتھ ہمارے کام کو بہتر بنانے کے لیے ضروری بھی ہیں۔

آپ بذریعہ ای میل ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں: newsletter@alhudapk.com

طاہرہ خان

## اہم خبریں

### الھدیٰ کا تعارف بطور مثالی درسگاہ




استنبول یونیورسٹی ترکی میں منعقد ہونے والی بین الاقوامی ہائر ریلیجیئس ایجوکیشن کانگریس 2017ء میں بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کی پی ایچ ڈی کی طالبہ رخسانہ وڑائچ کا مقالہ نہ صرف شامل کیا گیا بلکہ اسے اعلیٰ پذیرائی حاصل ہوئی۔ تفصیلات اندرونی صفحات پر۔

### الھدیٰ ہارون آباد برانچ کا افتتاح




ہارون آباد میں الھدیٰ کی نئی برانچ قائم کی گئی ہے۔ ملتان کی ریجنل کوآرڈینیٹر عالیہ نظامی صاحبہ نے 10 دسمبر 2017ء کو اس برانچ کا افتتاح کیا۔ یہاں صوت القرآن اور فہم القرآن کورس کے علاوہ حفظ وناظرہ کی کلاسز کا بھی آغاز ہوگیا ہے۔ پہلے ہی دن پچاس طالبات نے مختلف کورسز میں داخلہ لیا۔

### تدبر القرآن کورس کا آغاز

الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد میں یکم جنوری سے چار ماہ پر مبنی تدبر القرآن کورس کا آغاز ہو رہا ہے۔ اس کورس کا مقصد طالبات کو قرآن فہمی کے اصول اور قرآن میں تدبّر سکھانا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ کورس ان میں علمی وتحقیقی قابلیت کو بڑھانے میں بھی مددگار ہوگا۔

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

## تکمیلِ قرآن تقریبات

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس کی نعمت (توفیق) سے نیک اعمال انجام پاتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے الہدیٰ میں پچھلے چار ماہ اور خصوصاً دسمبر 2017ء میں بہت سے کورسز تکمیل کو پہنچے۔ ان مواقع پر تقریبات کا انعقاد ہوا جن میں طالبات کے اہلِ خانہ اور دیگر مہمانوں نے شرکت کی۔ طالبات نے قرآن و حدیث پر مبنی پروگرام پیش کیے جن کو حاضرین نے بہت سراہا اور ان کے اندر بھی قرآن مجید کو تجوید کے ساتھ پڑھنے، ترجمہ و تفسیر سیکھنے، حفظ کرنے اور احادیث کا مطالعہ کرنے کا شوق اور جذبہ پیدا ہوا۔

- الہدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد میں 24 دسمبر 2017ء کو تعلیم القرآن، تعلیم التجوید، تعلیم الحدیث اور فہم القرآن کورسز کی تکمیل ہوئی۔
- سری لنکا برانچ میں روح البیان کورس مکمل ہوا۔ تعلیم القرآن کورسز کی دیگر تقریبات، کراچی، جدّہ اور مانچسٹر میں منعقد ہوئیں۔

الہدیٰ انسٹیٹیوٹ کینیڈا میں آن لائن تعلیم القرآن کورسز کی تکمیل پر بھی مؤثر پروگرام پیش کیا گیا جس سے بہت سے لوگ مستفید ہوئے۔



## الہدیٰ انسٹیٹیوٹ برائے طلباء (AIM) میں کانووکیشن

AIM اسلام آباد میں 25 دسمبر 2017ء کو تعلیم القرآن کورس کے 3rd اور 4th بیچ کی کانووکیشن کا انعقاد ہوا۔ اس موقع پر ڈاکٹر ادریس زبیر صاحب مہمان خصوصی تھے۔ انسٹیٹیوٹ کو آرڈینیٹر تیمور اقبال صاحب نے ادارے کی کارکردگی پر ایک جامع رپورٹ پیش کی۔ طلباء نے قرآن کورس سے متعلق اپنے تاثرات پیش کیے۔ آخر میں فارغ التحصیل طلباء میں اسناد تقسیم کی گئیں اور اعلیٰ کارکردگی پیش کرنے والے طلباء کو انعامات بھی دیے گئے۔




## علم کی شمع فروزاں رکھنا

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی اور ڈاکٹر ادریس زبیر نے کینیڈا کے علمی دورے کے دوران مختلف مقامات پر تزکیہ و تربیہ پر مبنی ایمان افروز دروس دیے اور شارٹ کورسز بھی کروائے۔ خصوصی طور پر حیّ علی الصلوۃ کورس کو بے حد پزیرائی ملی کیونکہ یہ کورس نماز کی اصلاح کے لیے بہت مفید ثابت ہوا۔

### مقاماتِ دروس

- فورٹ مک میری
- سسکاتون
- برٹش کولمبیا
- کیلگری
- ملٹن
- وان
- ایڈمنٹن
- وینکوور
- میسی سوآ گا
- ہملٹن
- کیمبرج




## حدیث سیمینار

الہدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد میں 23 دسمبر کو تعلیم الحدیث کورس کی طالبات نے حدیث سیمینار منعقد کیا۔ اس تقریب میں طالبات کے مابین حدیث کوئز مقابلہ ہوا نیز حفظ احادیث اور نبی ﷺ کی سیرت پر مبنی مختصر مقالہ جات پیش کیے گئے۔ اس کے علاوہ طالبات کی تخلیقی صلاحیتوں پر مشتمل آرٹ و کرافٹ کے اسٹال کا بھی اہتمام کیا گیا۔

## سیرۃ النبی ﷺ پر مبنی تعلیمی و تربیتی پروگرام

الہدیٰ اسلام آباد کے شعبہ "ہمارے بچے" نے نبی ﷺ کی سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں پر مبنی سرگرمیاں کروائیں جن سے بچوں میں آپ ﷺ کی سیرت کو اپنانے کا شوق پیدا ہوا۔ بچوں نے آپ ﷺ کا شجرہ نسب بھی یاد کیا۔ ماؤں کی کلاس میں بچوں کی تربیت کے لیے نبی ﷺ کی زندگی سے راہنما اصول اخذ کئے گئے جن سے ماؤں کو بہترین راہنمائی ملی۔

## ATEC کے تحت ہونے والی ورکشاپس

الہدیٰ ٹیچرز ایجوکیشن سنٹر اسلام آباد میں گزشتہ چار ماہ میں مندرجہ ذیل موضوعات پر ورکشاپس کا انعقاد ہوا:

- Life Management Skills
- Train the trainer
- Work and Life Balance
- Montessory Certificate Course
- Foundation Course for Professional Teaching

## قرآن ہر دل میں ہر ہاتھ میں

الہدیٰ ملتان برانچ کے تحت زرعی فارم میں قائم کیا گیا کمیونٹی سکول گزشتہ تین برس سے بچوں کو دینی و دنیوی تعلیم سے آراستہ کر رہا ہے۔ ان بچوں کی مائیں جو کھیتوں میں بھی کام کرتی ہیں ان کے لئے ہفتہ وار فہم القرآن مع ناظرہ کورس کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ خواتین کے ایک بیچ نے قرآن مجید مکمل کر لیا ہے اور دوسرے کا آغاز ہو چکا ہے۔ ان خواتین کو ٹرانسپورٹ کی سہولت مہیا کی جاتی ہے۔ کپاس چننے کے دنوں میں یہ خواتین کلاس سے باقاعدہ رخصت لیتی ہیں۔

## الہدیٰ کا تعارف بطور مثالی درسگاہ

ترکی کی مشہور زمانہ استنبول یونیورسٹی میں منعقد ہونے والی بین الاقوامی Higher Religious Education کانگریس میں رخسانہ وڑائچ صاحبہ نے اپنا تحقیقی مقالہ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ الہدیٰ میں کس طرح ایک سال میں قرآن مجید کا ترجمہ مع تفسیر مکمل کروایا جاتا ہے۔ انہوں نے الہدیٰ کو ایک مثالی اعلیٰ دینی تعلیمی ادارے کے طور پر متعارف کرایا جس کی تعمیر و ترقی میں الہدیٰ کی بانی اور سربراہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ کی علمی خدمات، بے لوث جذبے، انتھک محنت اور بہترین حکمت عملی کا بطور خاص ذکر کیا۔

## تربیتی ورکشاپس کا انعقاد

الہدیٰ اسلام آباد کے شعبہ ٹریننگ نے مختلف ریجنز کے سٹاف کے لیے تربیتی ورکشاپس کا اہتمام کیا۔ جن میں راولپنڈی، اسلام آباد، لاہور، کراچی، پشاور، اٹک، واہ کینٹ، مردان، جہلم اور گجرات کی برانچز کی سٹاف ممبرز شریک ہوئیں۔ شرکاء کو مختلف شعبہ جات کے کاموں کی ٹریننگ دی گئی جن میں ایڈمن، ایچ آر، اکیڈیمک اور ایونٹ مینجمنٹ کی ٹریننگ قابل ذکر ہیں۔

## گورنمنٹ سکول کی اساتذہ کے لیے تربیتی ورکشاپ

الہدیٰ کراچی ریجن کی زیر نگرانی شکار پور سندھ میں خواتین اساتذہ کے لیے تین روزہ ورکشاپ کا اہتمام کیا گیا جس میں 65 سے زائد اساتذہ نے حصہ لیا۔ اس ورکشاپ کا مقصد اساتذہ کو تعلیم و تدریس کے جدید طریقوں سے روشناس کرانا تھا۔

## تعلیم و تفریح ساتھ ساتھ

**اسلام آباد:** تعلیم القرآن 1 کی طالبات اور سٹاف نے دامن کوہ اور لوک ورثہ مونیومنٹ کا دورہ کیا۔ طالبات اور سٹاف ممبرز نے روایتی کھیلوں میں بھرپور حصہ لیا۔

تعلیم القرآن 2 کی طالبات خان پور ڈیم گئیں جہاں وہ نہ صرف کشتی رانی سے لطف اندوز ہوئیں بلکہ تیر اندازی کا تجربہ بھی کیا۔



**سری لنکا:** الہدیٰ سری لنکا برانچ نے طالبات کے لیے تفریحی دورے کا اہتمام کیا جس میں تفریح کے ساتھ ساتھ طالبات کی تعلیم و تربیت کے پہلو کو بھی مدّنظر رکھا گیا۔ طالبات نے گھڑ سواری، کوہ پیمائی اور ایئر گلائیڈنگ جیسے کھیلوں میں بہت دلچسپی لی۔ ایسے تفریحی دوروں سے طالبات اور سٹاف کو ایک دوسرے کے قریب ہونے اور سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔

# ہو میرا کام غریبوں کی حمایت کرنا

Al-Huda Cares!

## شاید تم کسی کو سردی کی شدت سے بچا لو!

دسمبر۔۔دسمبر۔۔کہیں کہیں۔۔کچھ کپکپاتے جسم
برف برف انگلیاں، پھٹے پرانے سویٹرز۔۔ٹھنڈا برف پانی۔۔
لمبی رات کی بھگوتی اوس۔۔سردیوں کے سکڑے ٹھٹھرتے دن۔۔اور لمبی سرد برفاب راتیں۔۔
ناکافی ٹاٹ سے بنے خیمے۔۔خانہ بدوش کی بستی پر گرتا کہرا۔۔
کہیں سے ابھرتی کھانسی۔۔کہیں پر سلگتے کوئلے۔۔۔دم گھوٹتا کالا دھواں۔۔۔
سانس روکتی برفیلی ہواؤں سے بچاؤ کی کوشش کرتی چھوٹی سی انگیٹھی۔۔
دیکھو۔۔سوچو۔۔ڈھونڈو۔۔
شاید کسی کو تمہارے پرانے سویٹر کی، پرانی شال کی، بچے کے چھوٹے جوتے کی،
تمہارے صدقے میں نکالے پیسے کی۔۔تمہارے بچے ہوئے کھانے کی شاید ضرورت ہو۔۔
شاید وہ آج کی رات تمہارے آنے کی دعا کرتا ہو
شاید تمہارا وقت پہ اخلاص سے دیا یہ ہی معمولی سا صدقہ کل تمہیں جہنم سے آزاد کروا لے
ذرا سوچو۔۔۔

### سردی سے بچاؤ مہم

الھدیٰ ایبٹ آباد اور مانسہرہ برانچ کی سٹاف ممبرز نے دسمبر 2017ء میں گلی بنیان، نردوبہ، بالاکوٹ، وادی ناران اور کاغان کے کچھ علاقوں کا دورہ کیا اور وہاں رہنے والے اپنے غریب بہن بھائیوں کا احساس کرتے ہوئے ان میں گرم کپڑے اور راشن تقسیم کیا۔ان علاقوں میں موسم سرما کی شدت میں بنیادی ضروریات کی چیزوں کی فراہمی مشکل ہو جاتی ہے۔

### طعام مسکین پراجیکٹ

الھدیٰ واہ کینٹ آفیسرز کالونی برانچ نے اکتوبر 2017ء سے طعام مسکین کے نام سے ایک پراجیکٹ کا آغاز کیا ہے۔اس مقصد کے لیے ایک بلڈنگ کرایہ پر حاصل کی گئی ہے جہاں روزانہ تقریباً 130 مردوں عورتوں اور بچوں کو دوپہر کا کھانا مفت فراہم کیا جاتا ہے۔کھانے سے قبل ان کو کھانے کے آداب سکھائے جاتے ہیں۔

### عیادت مریض، ثواب بھی اور ضرورت بھی

تعلیم الحدیث کی طالبات کو کورس کے دوران ہسپتال کا دورہ کروایا جاتا ہے جس کا مقصد طالبات کو عیادت کے مسنون طریقے سکھانا، مریضوں کی دلجوئی اور کاؤنسلنگ کے علاوہ تیمارداروں کی راہنمائی کرنا بھی ہے۔ کراچی انسٹیٹیوٹ خواتین کلب کی تعلیم الحدیث کی طالبات نے جناح ہسپتال کراچی کا دورہ کیا۔انہوں نے مریضوں کی عیادت کی اور انہیں دعاؤں کے کارڈز اور دیگر تحائف دیے نیز مریضوں کے لئے خوش خبری پر مبنی احادیث سنا کر ان کو تسلی دی۔طالبات نے ہسپتال وزٹ کے بعد تاثرات دیتے ہوئے کہا کہ ہسپتال جا کر صحت کی قدر و قیمت کا احساس ہوا اور مریضوں کی خدمت کر کے دلی سکون ملا۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
’’اللہ تعالیٰ نے کوئی ایسا مرض نہیں اُتارا جس کے لیے شفا نہ رکھی گئی ہو‘‘۔
[صحیح البخاری:5678]

### فراہمی آب

الھدیٰ شعبہ خدمتِ خلق نے لوگوں کو صاف پانی مہیا کرنے کے لیے ملک کے درج ذیل علاقوں میں کنویں کھدوائے اور ہینڈ پمپ لگوائے۔

**خیبر پختون خواہ:** نوشہرہ، پیر پیائی، زاخیل، فیصل ٹاؤن، ناصر باغ۔


**سندھ:** گانجو کی دھانی، مہران ٹاؤن، تالوسومار، ترکنی درس، جگسی پارہ ولیج برڈ، ولیج الھورائی، ولیج گوارن، خانی جی دھانی، گورڈن پارو، ولیج پتن، ولیج محمد خان احمدانی، پیلورو، ولیج دوجھ۔

**بلوچستان:** گولانی گوٹھ، اوتھل بیلا۔



### بینک تفصیلات

اکاؤنٹ ٹائٹل: الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اکاؤنٹ نمبر: 20012681 8
اکاؤنٹ ٹائپ: PKR
برانچ کوڈ: 1739 | سوئفٹ کوڈ: UNILPKKA
آئی بی این: PK65UNIL0109000200126818
بینک: یونائٹڈ بینک لمیٹڈ F-8 مرکز برانچ، اسلام آباد
آن لائن عطیات: www.alhudapk.com/donate



## آسمان کے دروازے کب کھلتے ہیں؟

- **ظہر سے قبل**

رسول اللہ ﷺ زوال شمس کے بعد اور نماز ظہر سے قبل چار رکعات نماز ادا کرتے اور فرماتے ’’یہ ایک گھڑی ہے جس میں آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں پس میں پسند کرتا ہوں کہ اس میں میرا عمل صالح اوپر چڑھ جائے‘‘۔
[صحیح الجامع الصغیر الالبانی و زیادتہ، ج:1، 7532]

- **ہر اذان کے وقت**

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:’’جب نماز کی اذان دی جاتی ہے تو آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں اور دعائیں قبول کی جاتی ہیں‘‘۔
[صحیح الجامع الصغیر و زیادتہ، ج:1، 81]

- **ایک نماز کے بعد دوسری نماز کے انتظار کے وقت**

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:’’خوش ہو جاؤ، یہ تمہارے ربّ نے آسمان کے دروازوں میں سے ایک دروازہ کھولا ہے، وہ تمہارے بارے میں فرشتوں کو مطلع کرتے ہوئے فرماتا ہے: دیکھو میرے بندوں کی طرف کہ انہوں نے ایک فرض نماز پڑھ لی ہے اور اب دوسری نماز کے منتظر ہیں‘‘۔
[صحیح الجامع الصغیر و زیادتہ للالبانی، ج:1، 36]

- **آدھی رات کے وقت**

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:’’آدھی رات کو آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں پھر ایک منادی ندا دیتا ہے۔کیا کوئی دعا مانگنے والا ہے کہ اس کی دعا قبول کی جائے؟ کیا کوئی سوالی ہے کہ اسے عطا کیا جائے؟ کیا کوئی مصیبت زدہ ہے کہ اس کی مصیبت دور کی جائے؟ پس کوئی مسلمان باقی نہیں رہتا جس کی دعا اللہ تعالیٰ نے قبول نہ کی ہو سوائے اس زانیہ کے جو زنا کی کمائی کھاتی ہے یا دسواں حصّہ کھانے والا (باطل طریقے سے مال کھانے والا)‘‘۔
[صحیح الجامع الصغیر و زیادتہ للالبانی، ج:1، 2971]

- **نماز میں دعائے استفتاح پڑھتے وقت**

سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ کہتے ہیں، اس اثنا میں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے کہ لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا ’’اَللّٰہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰہ کَثِیْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰہِ بُکْرَۃً وَّ اَصِیْلًا‘‘، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایسا اور ایسا کلمہ کہنے والا کون ہے؟ لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا: میں ہوں! اے اللہ کے رسول ﷺ۔ آپ نے فرمایا: میں اس پر حیران ہوا کہ اس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیے گئے ہیں۔ابنِ عمرؓ نے فرمایا: جب سے میں نے رسول اللہ ﷺ سے یہ بات سنی ہے تب سے میں نے ان (کلمات) کو کبھی نہیں چھوڑا‘‘۔[صحیح مسلم: 1358]

# حکمت کے موتی



ليس السفر ولا فراق الحب حتى الموت ليس فراقا سنجتمع في الاخرة ، الفراق هو ان يكون احدنا في الجنة والاخر في النار

جدائی نہ تو سفر سے ہے اور نہ ہی محبوب کے الگ ہونے سے یہاں تک کہ موت بھی جدائی کا ذریعہ نہیں بن سکتی کیونکہ عنقریب ہم سب آخرت میں جمع ہونگے۔

جدائی تو تب ہے کہ ہم میں سے ایک جنت میں جائے اور دوسرا آگ میں !!


اللھم اجمعنا فی الفردوس الاعلیٰ (آمین)

## تعزیت

الھدیٰ لاہور کی سٹاف ممبر ڈاکٹر زیبا عمران اور الھدیٰ کی دوورینہ خیرخواہان، مسز باقی صاحبہ اور سکینہ گل مواز صاحبہ (ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر نعیمہ مواز کی خالہ اور ساس) کے انتقال پُر ملال پر الھدیٰ انٹرنیشنل، تمام اسٹاف وطالبات کی طرف سے تعزیت کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہماری ان تینوں بہنوں کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور اُن کے لواحقین کو صبر عطا فرمائے۔ آمین

# کتاب... بہترین ساتھی

## تبصرۂ کتاب




زیرِ نظر کتاب الھدیٰ پبلی کیشنز کی ایک ایسی پیشکش ہے جو ہر خاص و عام کے لیے یکساں مفید ہے۔ خود صاحب کتاب نے توبہ کا مفہوم بیان کرتے ہوئے توبہ کو ایک ایسا نور قرار دیا ہے جو کوتاہی کرنے والوں کو اپنی طرف بلاتی ہے۔ نیز یہ کہ توبہ ہر مسلمان پر فرضِ عین ہے اور اس کو مؤخر کرنا گناہ ہے۔ حقیقت میں توبہ دینِ اسلام ہے اور انسان اپنی زندگی کے تمام مراحل میں توبہ سے بے نیاز نہیں ہوسکتا۔ اس کتاب کی خوبی یہ ہے کہ اس سے نہ صرف توبہ کی اہمیت اور فرضیت واضح ہوتی ہے بلکہ اس پر قائم رہنے کی ترغیب بھی ملتی ہے۔ خصوصاً اس میں قرآنی و مسنون دعائیں موجود ہیں جو توبہ کرنے میں معاون و مددگار ہیں۔ عمدہ اور عام فہم ترجمہ قارئین کی توجہ کو مرکوز رکھتا ہے۔

## زیرِ طبع مطبوعات

- نماز، طریقہ اور دعائیں (کتاب)
- سفر کی دعائیں (کارڈ)
- لا الہ الّا اللّٰہ (کارڈ)
- الصلاۃ من اقوال ابنِ القیم (کتاب)

## الھدیٰ مطبوعات پر 50% ڈسکاؤنٹ سیل

الھدیٰ پبلیکیشنز نے اپنی منتخب کردہ پچاس مطبوعات پر 50% سیل لگائی ہے جس کا مقصد قرآن وسنت پر مبنی بہترین مستند معلومات کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہچانا ہے۔ یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے۔




معلومات برائے رابطہ:

فون: 3218014008 92+

ای میل: alhudapublications.org@gmail.com

ویب سائیٹ: www.alhudapublications.org

## الھدیٰ کی نئی مطبوعات




- تسبیحات اور ان کی فضیلت (انگلش کارڈ)
- صدقہ (انگلش پوسٹر)
- محرّم الحرام (انگلش پوسٹر)
- تم کب توبہ کروگے (اردو پوسٹر)
- حدیث (انگلش پوسٹر)
- پہلا پارہ لفظی ترجمہ نظرثانی شدہ
- رزق میں کشادگی کی دعائیں (اردو کارڈ)
- میت کو غسل دینے، کفنانے اور دفنانے کا اجر (اردو پوسٹر)

### ہندی ترجمہ

قرآن مجید کا لفظی ترجمہ ہندی زبان میں مکمل ہو چکا ہے اور الھدیٰ کی ویب سائیٹ پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔


### پشتو ترجمہ

الھدیٰ ریجنل آفس خیبر پختونخواہ کی اکیڈیمک ٹیم نے الھدیٰ پبلیکیشنز کی مدوّن شدہ کتابوں ''زبان کی حفاظت''، ''اَیْنَ الشَّاکِرُوْن'' اور ''شَھْرُ رَمَضَان'' کا پشتو زبان میں ترجمہ شائع کر دیا ہے۔ اس کاوش کا مقصد اس پیغام کو پشتو بولنے والے لوگوں تک پہنچانا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ الھدیٰ کی مستند تالیفات سے فائدہ اٹھاسکیں۔

## الھدیٰ انٹرنیشنل سکول اسلام آباد کیمپس

زیرِ تعمیر

کل لاگت: 380 ملین روپے



| امدادی درجہ بندی | روپے |
|---|---|
| ایک کلاس کی تعمیر کا خرچہ (اندازاً) | 2,500,000 |
| ایک کلاس روم کا فرنیچر | 110,000 |
| ایک کلاس روم کے لئے سرگرمی کا مواد | 90,700 |
| کمپیوٹرز | 1,950,000 |
| سائنس لیب فرنیچر اور آلات | 1,600,500 |
| لائبریری کی کتب اور دیگر وسائل | 1,150,000 |
| ایک پنکھا | 3,400 |
| سیمنٹ کا ایک تھیلا | 595 |
| ایک LED ٹیوب لائٹ اور فکسر | 1,750 |

BUILD the FUTURE

اکاؤنٹ ٹائٹل: الھدیٰ انٹرنیشنل سکول

اکاؤنٹ نمبر: 0164278002(PKR)

بینک کا نام: دبئی اسلامک بینک

برانچ کا نام: I-8 مرکز برانچ، اسلام آباد، پاکستان

برانچ کوڈ: 040

سوئفٹ کوڈ: DUIBPKKA

آئی بی این: PK71DUIB0S000000164278002

www.aispk.org/contribute

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی
مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر: طاہرہ خان
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: مریم افضل
ڈیزائنر: سدرہ زاہد

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
7- اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد پاکستان
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com